# 7412-زخمیوں کا علاج اور شدید گرمی کی وجہ سے روزہ افطار کرنا

## سوال

میں فائر بریگیڈ میں کام کرتا ہوں تو کیا رمضان میں زخمیوں کو فسٹ ایڈ دیتے ہوئے اگر انسان کو شدید قسم کی پیاس محسوس ہو تو کیا اس کے لئے روزہ چھوڑنا جائز ہے ؟

## پسندیدہ جواب

اس میں کوئی حرج نہیں لیکن افضل یہ ہے کہ وہ روزہ نہ چھوڑیں الا یہ کہ سخت ضرورت کے سبب اور اس دن کے قضاء کریں ۔ اگر انسان روزہ مکمل کرسکتا ہو تو اس کے لئے روزہ چھوڑنا جائز نہیں لیکن مثلا اگر حادثہ بہت زیادہ دور ہو اور گرمیوں کے موسم میں سورج کی تپش بھی جلا دینے والی ہو تو آپ آگ بجھانے یا زخمیوں کو بچانے کے لئے گئے ہوں اور پیاس محسوس کریں اور اس سے آپ کو نقصان پہنچے تو پھر ان شاء اللہ افطار کرنے میں کوئی حرج نہیں کیونکہ اللہ تبارک وتعالی کا فرمان ہے :

{اللہ تعالی کسی کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا}.البقرۃ ۔/(286)

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

(جب میں تمہیں کوئی حکم دوں تو جتنی طاقت ہو اس کے مطابق عمل کرو) صحیح مسلم حدیث نمبر ۔(1337) سنن نسائی ۔(110/5)

یہ اس وقت ہے جب معاملہ سفر کی حد تک نہ پہنچے اور اگر سفر کی حد تک پہنچے تو مطلق روزہ چھوڑنا جائز ہے ۔ .